رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) | 223 ۔فرسٹ ایئر (انٹرپارٹ۔I) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) | PAPER CODE = 6028 | کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ‘ B ‘ C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1	قمر نے اپنے آپ کو کس سے تشبیہ دی :	(A) چاند سے	(B) سورج سے	(C) آسمان سے	(D) چراغ سے
2	جس چیز کا نام یا صنعت استعارہ کے طور پر استعمال کی جائے وہ کہلاتی ہے :	(A) مشبہ	(B) مستعارلہ	(C) مستعارمنہ	(D) مشبہ بہ
3	۔۔۔ کا علم بدیع سے تعلق ہے :	(A) تلمیح	(B) استعارہ	(C) تشبیہ	(D) تشبیہ۔استعارہ
4	طلبہ کی خالص ترین قسم کون سی ہے :	(A) خیالی	(B) خالی	(C) جمالی	(D) جلالی
5	مرزا عبدالودود بیگ کا ذکر کس سبق میں ملتا ہے :	(A) اورآنا گھر میں مرغیوں کا	(B) سرسید کے اخلاق وخصائل	(C) اپنی مدد آپ	(D) مکتوباتِ اقبالؒ
6	’’حاشا وکلّا‘‘ سے کیا مراد ہے :	(A) ممکن ہے	(B) ہرگز نہیں	(C) بالکل ٹھیک	(D) لاپتہ
7	’’پتھروں جیسے کڑے لفظ نہ پھینکو مجھ پر ٹوٹ جاتا ہوں بہت جلد بکھر جاتا ہوں‘‘ اس شعر میں پتھر ہے :	(A) مشبہ بہ	(B) مشبہ	(C) اداتِ تشبیہ	(D) طرفین تشبیہ
8	’’دانت موتی کی طرح چمک دار ہیں‘‘ اس میں مشبہ ہے :	(A) موتی	(B) مانند	(C) چمک دار	(D) دانت

(2)

9-1	’’میں ڈٹا ہوا ہوں صداقتوں کے محاذ پر مری کربلا کی روایتیں مرے ساتھ ہیں‘‘ اس شعر میں کربلا ہے :	(A) تشبیہ	(B) تلمیح	(C) استعارہ	(D) صنعتِ تضاد
10	ہسپتال کے شعبہ حادثات میں اسسٹنٹ سرجن کا کیا نام تھا :	(A) مسٹر اردان	(B) مسٹر جان	(C) مسٹر خان	(D) مسٹر عدنان
11	اُفق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہا جاتا ہے :	(A) مقطع	(B) مطلع	(C) قافیہ	(D) ردیف
12	سرسید کے کھانوں میں زیادہ تر تعداد اور تلوّن نہیں ۔۔۔ :	(A) ہوتی تھیں	(B) ہوتی تھی	(C) ہوتا تھا	(D) ہوتیں تھی
13	لفظ ’’قافیہ‘‘ کی جمع ہے :	(A) قاف	(B) وقوف	(C) قوافی	(D) فوق
14	اسے فصد ہو ۔۔۔ ہے :	(A) چکا	(B) چکی	(C) چکے	(D) چکیں
15	’’قصیدہ کیا لکھوں اس مہرباں کا سلیقہ جب نہیں حسنِ بیاں کا‘‘ اس میں ردیف ہے :	(A) مہرباں۔بیاں	(B) کا	(C) سلیقہ	(D) قصیدہ
16	اس ۔۔۔ سرگزشت دردناک ہے :	(A) کی	(B) کا	(C) کے	(D) کیں
17	’’سخت کافر تھا جس نے پہلے میرؔ مذہب عشق اختیار کیا‘‘ یہ شعر غزل کا ہے :	(A) ردیفی	(B) غیر مردف	(C) مطلع	(D) مقطع
18	علی سالار کو جونک لگ ۔۔۔ ہے :	(A) گئی	(B) گیا	(C) گئے	(D) گئیں
19	ظرافت اور خوش طبعی ان ۔۔۔ جبلت میں داخل ہے :	(A) کے	(B) کیں	(C) کا	(D) کی
20	’’ہر کوئی اب ستم رسیدہ ہے شہر کا شہر آب دیدہ ہے‘‘ اِس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کیجیے :	(A) ستم رسیدہ۔آب دیدہ	(B) شہر کا شہر	(C) ہر کوئی	(D) ستم

ParhloPakistan.com

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی)
223 ۔فرسٹ ایئر (انٹرپارٹ۔I)
پرچہ : I (انشائیہ طرز)
(دوسرا گروپ)
(حصہ اوّل)

وقت : 2.40 گھنٹے
کل نمبر : 80

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہو گی اک دنیا نئی — خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہو جائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں — ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی — بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہی رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) ایک دن موسلادھار بارش ہو رہی تھی۔ تھکاماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مُرغے میرے پلنگ پر ہیں۔ سفید چادر پر جابجا پنجوں کے تازہ نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت بدنما معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا ''آخر یہ گلا پھاڑ پھاڑ کے کیوں چیخ رہے ہیں؟''

(ورق الٹئے)

(2)

3۔ (ب) اچھن پیچ وتاب کھاتی اپنی چارپائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑکھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ تو جیسے حلق میں ہی پھنس کر رہ گیا تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے : (الف) ادیب کی عزت ۔ (ب) اور آنا گھر میں مُرغیوں کا ۔ 9,1

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم '' پیغام '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

جلسہ سیرت النبی ﷺ کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ '' وصولی رقم بابت موٹر سائیکل فروخت '' کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

عہدِ حاضر میں کوئی بھی باشعور فرد خواتین کو تعلیم کے حصول سے نہیں روکتا۔ کیوں کہ زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تعلیم عورتوں کے لیے اتنی ہی ضروری ہے جتنی مردوں کے لیے۔ ہاں اب سوچنا یہ ہے کہ عورتوں کو کیسی تعلیم دی جائے؟ کیا عورت کو وہی نصاب پڑھایا جائے جو مردوں کو پڑھایا جاتا ہے یا ان کے لیے الگ نصاب مرتب کیا جائے۔ یقیناً پرائمری کے دو تین درجوں کے بعد لڑکیوں کا نصاب لڑکوں سے مختلف ہونا چاہیے تاکہ جس مقصد کے پیشِ نظر ہم لڑکیوں کو تعلیم دینا چاہتے ہیں وہ پورا ہو سکے۔

ParhloPakistan.com